# (EEOC) برابر روزگار مواقع کمیشن (ای ای اوسی)
# اور
# شہری حقوق ڈویژن برائے محکمہ انصاف، دفتر خصوصی کونسل برائے امیگریشن – متعلقہ (OSC) نامناسب روزگارعوامل (او ایس سی)

## کیا آپ جانتے ہیں کہ کہاں جانا ہے؟

بہت سارے وفاقی قوانین موجود ہیں جو کہ ملازمت کے دراخواست کنندگان اور ملازمین کو ملازمت میں امتیازی سلوک سے محفوظ کرتے ہیں۔ یہ قوانین ان وفاقی ایجنسیوں کی جانب سے لاگو کیے جاتے ہیں جو امتیازی سلوک کی تفتیش کرتی ہیں۔

لوگوں کو اکثر معلوم نہیں ہوتا کہ اگروہ امتیازی سلوک کا شکار ہوئے ہیں تومدد کہاں سے حاصل کرنی ہے کیونکہ، امتیازی سلوک کی قسم اور آجر کے قدوقامت پہ انحصار کرتے ہوئے، مختلف ایجنسیاں اس میں شامل ہوسکتی ہیں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ امتیازی سلوک کا شکار ہوئے ہیں تو یہ کتابچہ آپ کو سمجھنے میں مدد دے گا کہ کونسی ایجنسی سے رابطہ کیا جانا چاہیئے۔

## قومی اصلیت کی بنا پہ امتیازی سلوک

### قومی اصلیت کی بنا پہ ملازمتی امتیازی سلوک کیا ہے؟

عموما یہ اس وقت ہے جب آپ کا آجر آپ کو آپ کی پیدائش کے ملک یا آباؤ اجداد (اصل یا سمجھے گئے)، نسل، یا کچھ حالات میں، آپ کے لہجے یا آپ کی انگلش بولنے کی صلاحیت کی بنا پہ آپ سے مختلف سلوک کرے۔

قومی اصلیت کی بنا پہ امتیازی سلوک کی ایک مثال اس وقت قائم ہوتی ہے جب آجرین محض آبائی انگلش بولنے والوں کو ملازمت فراہم کریں قطع نظر اس بات کہ آیا لہجہ ملازمت کی کارکردگی میں کوئی مداخلت کرے یا نہیں۔

### اگر میں قومی اصلیت کی بنا پہ کیے جانے والے امتیازی سلوک کی اطلاع کرنا چاہتا ہوں تو مجھے کس ایجنسی سے رابطہ کرنا چایئیے؟

اگر آپ کے آجر کے پاس **پوری کمپنی** (صرف اس مقام پہ نہیں جہاں آپ کام کرتے ہیں) میں **کم از کم 15 ملازمین** ہیں توآپ کوشکایت کا اندراج ای ای او سی کے پاس کرنا چاہیئے۔ آپ **1-800-669-4000** پہ فون کرسکتے ہیں یا اپنے مقامی دفترکو تلاش کرنے کے لیے www.eeoc.gov/field پہ آن لائن جاسکتے ہیں۔

اگر آپ کے آجر کے پاس پوری کمپنی میں **4 سے 14 ملازمین** ہیں توآپ کو شکایت کا اندراج او ایس سی کے پاس کرنا چاہیئے۔ آپ اپنے حقوق کے بارے میں سوالات کرنے کے لیے، او ایس سی کی ہاٹ لائن **1-800-255-7688** پہ کال کرسکتے ہیں، یا او ایس سی کی ویب سائٹ وزٹ کرسکتے ہیں: www.justice.gov/crt/about/osc

## شہریت کی حیثیت کی بنا پہ امتیازی سلوک

### شہریت کی حیثیت کی بنا پہ ملازمت پہ امتیازی سلوک کیا ہے؟

یہ اس وقت ہے جب آپ کا آجرآپ سے مختلف سلوک کرتا ہے کیونکہ آپ امریکی شہری ہیں، یا نہیں ہیں، یا کیونکہ آپ مہاجرین کی ایک خاص کلاس سے تعلق رکھتے ہیں۔

شہریت کی حیثیت کی بنا پہ امتیازی سلوک کی ایک مثال اس وقت قائم ہوتی ہے جب آجرین صرف ان افراد کو ملازمت دینا چاہتے ہیں جن کے پاس H1-B ویزا ہے۔

### اگر میں شہریت کی حیثیت کی بنا پہ کیے جانے والے امتیازی سلوک کی اطلاع کرنا چاہتا ہوں تو مجھے کس ایجنسی سے رابطہ کرنا چایئیے؟

اگر آپ کے آجر کے پاس پوری کمپنی میں کم از کم 4 ملازمین ہیں توآپ کو شکایت کا اندراج او ایس سی کے پاس کرنا چاہیئے۔ آپ اپنے حقوق کے بارے میں سوالات کرنے کے لیے، او ایس سی کی ہاٹ لائن **1-800-255-7688** پہ کال کرسکتے ہیں، یا او ایس سی کی ویب سائٹ وزٹ کرسکتے ہیں: www.justice.gov/crt/about/osc

# I-9 یا "E-Verify" (الیکٹرانک تصدیق) دستاویز بدسلوکی کی صورت میں امتیازی سلوک

**دستاویزبدسلوکی کیا ہے؟**

دستاویزبدسلوکی اس وقت ہوتی ہے جب ایک آجر، ملازمت کی اہلیت کی تصدیق کرتے وقت وفاقی قانون کی جانب کی درکار کردہ دستاویز سے مختلف یا مزید دستاویزدرکار کرتا ہے، مجاز دستاویز کو مسترد کرتا ہے، یا ملازم کی شہریت کی حیثیت یا قومیت کی بنیاد پہ مخصوص دستاویز کا مطالبہ کرتا ہے۔ دستاویز بدسلوکی اس وقت بھی ہوسکتی ہے جب آپ کا آجر ای-تصدیق کو استعمال کرتے ہوئے آپ کے خلاف امتیازی سلوک روا رکھتا ہے۔

دستاویزبدسلوکی ایک مثال اس وقت ہے جب آپ ملازمت کی پیشکش کے دوران ڈرائیونگ لائسنس یا سوشل سیکیورٹی کارڈ دکھانے کا انتخاب کرتے ہیں، لیکن آپ کا آجر آپ کا مستقل رہائشی کارڈ(گرین کارڈ) بھی دیکھنے کا مطالبہ کرتا ہے۔

**اگر میں دستاویز بدسلوکی کی بنا پہ کیے جانے والے امتیازی سلوک کی اطلاع کرنا چاہتا ہوں تو مجھے کس ایجنسی سے رابطہ کرنا چاہئیے؟**

اگر آپ کے آجر کے پاس پوری کمپنی میں **کم از کم 4 ملازمین** ہیں توآپ کو شکایت کا اندراج او ایس سی کے پاس کرنا چاہیئے۔ آپ اپنے حقوق کے بارے میں سوالات کرنے کے لیے، او ایس سی کی ہاٹ لائن **1-800-255-7688** پہ کال کرسکتے ہیں، یا او ایس سی کی ویب سائٹ وزٹ کرسکتے ہیں: www.justice.gov/crt/about/osc

## آپ کے پاس اضافی حفاظت بھی ہے!

وفاقی قانون کے تحت، آپ **نسل، رنگ، جنس، معذوری، مذہب، عمر** (40 سے زیادہ)، **اورجینیاتی معلومات** (جس میں خاندان کا طبی پس منظر شامل ہے)، اورامتیازی سلوک کی شکایت کے **ردعمل** یا حفاظتی سرگرمی میں شمولیت کی بنیاد پہ بھی ملازمت میں امتیازی سلوک سے محفوظ ہیں۔

اگر آپ کے آجر کے پاس پوری کمپنی (صرف اس مقام پہ نہیں جہاں آپ کام کرتے ہیں) میں **کم از کم 15 ملازمین**[1] ہیں توآپ کوشکایت کا اندراج ای ای او سی کے پاس کرنا چاہیئے۔ آپ **1-800-669-4000** پہ فون کرسکتے ہیں یا اپنے مقامی دفترکو تلاش کرنے کے لیے www.eeoc.gov/field پہ آن لائن جاسکتے ہیں۔

کچھ ریاستوں میں ایسے قوانین بھی موجود ہیں جو کہ درخواست کنندگان اور ملازمین کو **نسل، رنگ، جنس، معذوری، مذہب، عمر** (40 سے کم یا زیادہ عمر)، **جنسی رجحان، شہریت کی حیثیت، قومیت، اور خاندان کی حیثیت، اور دیگر بنیادوں** پہ کیے جانے والے امتیازی سلوک سے محفوظ کرتے ہیں۔ یہ قوانین 15 سے کم ملازمین والے آجرین کا احاطہ کرسکتے ہیں۔

بعض مقامات پہ، آپ اپنے مقامی انسانی قوانین کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے **311** پہ رابطہ کرسکتے ہیں یا پھرایجنسی برائے مناسب ملازمت عوامل سے جو کہ ضد امتیازی قوانین لاگوکرتی ہے۔ آپ ان ایجنسیوں کے بارے معلومات آن لائن بھی تلاش کرسکتے ہیں۔

## وقت کی حد

اگر آپ خیال کرتے ہیں کہ آپ ملازمت میں امتیازی سلوک کا شکار ہوئے ہیں، تو یہ بہت اہم ہے کہ آپ فوری مدد کے لیے پُکاریں کیونکہ شکایت کا اندراج کروانے کے لیے وقت کی ایک حد مقرر ہے۔ **کچھ قوانین آپ سے 180 دنوں میں شکایت کا اندراج کروانا درکار کرتے ہیں،** اور اگر آپ انتظار کرتے ہیں تو آپ اپنے حقوق کھو بیٹھیں گے۔

ملازمت کے حقوق کے بارے میں سوالات کے لیے آپ او ایس سی ہاٹ لائن کو **1-800-255-7688** پہ کال کرسکتے ہیں۔ ہاٹ لائن پیر سے جمعہ تک صبح 9 سے شام 5 بمطابق مشرقی وقت دستیاب ہے اور آپ **فوری مدد** حاصل کریں گے۔ آپ کی کال گمنام ہوسکتی ہے اگر آپ چاہیں تو۔ زبان کی تشریح بھی دستیاب ہے۔

آپ ای ای او سی کو **1-800-669-4000** پہ بھی کال کرسکتے ہیں۔ یہ پیر سے جمعہ صبح 7 سے شام 8 بمطابق مشرقی وقت دستیاب ہے۔ زبان کی تشریح بھی دستیاب ہے۔

اگر آپ کو یقین نہیں ہے کہ کس اینجنسی سے رابطہ کیا جائے، براہ مہربانی اوپر بیان کردہ کسی بھی نمبر پہ رابطہ کریں اور ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ آپ کا رابطہ مناسب ایجنسی سے مدد کے لیے کروا دیا گیا ہے۔

---

1 عمر کے امتیازی سلوک کے لیے، آپ کے آجر کے پاس پوری کمپنی میں کم از کم 20 ملازمین ہونے چاہئیں۔